# 06-02-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تارک راما راؤ نے ووٹروں پر زور دیا کہ وہ بلدیاتی انتخابات کے دوران کانگریس کے وعدوں کے دھوکے میں نہ آئیں۔

۲۔وزیر اعظم نریندر مودی کل سے ملایشیاء کا دو روزہ دورہ کریں گے۔

۳۔تلنگانہ بی جے پی صدر رام چندر راؤ نے دعویٰ کیا کہ کانگریس حکومت شہری ترقی پر توجہ مرکوز نہیں کر رہی ہے۔

۴۔سپریم کورٹ نے تلنگانہ کے ایم ایل ایز کی نااہلی سے متعلق عرضیوں پر سماعت تین ہفتوں کیلئے ملتوی کر دی ہے۔

اور

۵۔ایم آئی ایم صدر اسدالدین اویسی نے بلدیاتی انتخابی مہم کے دوران پارٹی امیدواروں کو کامیاب بنانے ووٹروں سے اپیل کی۔

SC

تلنگانہ کے ایم ایل ایز کی نااہلی سے متعلق عرضیوں پر سپریم کورٹ نے معاملے کی سماعت تین ہفتوں کے لیے ملتوی کر دی ہے۔آج سماعت کے دوران عدالت نے دونوں فریقین کے دلائل سنے۔سینئر وکیل ابھیشیک سنگھوی نے بنچ کو اسپیکر کی جانب سے آٹھ اراکین اسمبلی کے بارے میں کیے گئے فیصلوں سے آگاہ کیا۔بی آر ایس کی جانب سے وکیل موہت راؤ نے دلیل دی کہ ناقابل تردید شواہد باقی دو ایم ایل ایز کی نااہلی کا تقاضا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک رکن

نے کانگریس کے ٹکٹ پر لوک سبھا الیکشن لڑا جبکہ دوسرے رکن کی بیٹی بھی اسی پارٹی کے ٹکٹ پر امیدوار رہی۔ عوامی سطح پر کانگریس کے لیے انتخابی مہم چلانے کے باوجود یہ افراد خود کو اب بھی بی آر ایس کا حصہ بتا رہے ہیں، جسے وکیل نے بے بنیاد قرار دیا۔ دونوں جانب کے دلائل سننے کے بعد عدالت نے کیس تین ہفتوں کے لیے ملتوی کر دیا اور امید ظاہر کی کہ اسپیکر اس مدت کے اندر سابقہ عدالتی ہدایات پر عمل کریں گے۔ بنچ نے واضح کیا کہ اگر اگلی سماعت تک عمل درآمد نہ ہوا تو توہین عدالت کی کارروائی پر غور کیا جا سکتا ہے۔

JOSHI

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے بی جے پی اسٹیٹ آفس میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی بجٹ کو 2047 تک ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر کے مقصد سے ترتیب دیا گیا ہے۔ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ معیشت کو مضبوط بنانے اور اے آئی دور کے مطابق اصلاحات متعارف کرانے پر زور دیا گیا ہے، تاکہ بھارت دنیا کی تیسری سب سے بڑی اقتصادی طاقت بن سکے۔ تلنگانہ کو نظرانداز کیے جانے کے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاست کے لیے 5 ہزار کلومیٹر قومی شاہراہوں کی منظوری دی گئی ہے، جبکہ شہری اور دیہی ترقی کے لیے بھی بھاری گرانٹس فراہم کی گئی ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ آتم نربھر بھارت مہم کے تحت تلنگانہ میں 42 ریلوے اسٹیشنوں کو جدید بنایا گیا اور سات میں سے تین ہائی اسپیڈ ریل کاریڈور ریاست کو ملے ہیں۔ فلاحی اسکیموں میں کٹوتی کے دعووں کو غلط قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بجٹ میں ان کے لیے فنڈس میں اضافہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سرمایہ کاری ریاست کی ترقی کے لیے مرکزی حکومت کے عزم کا ثبوت ہے۔

PONNAM

ریاستی بی سی ویلفیئر وزیر پونم پربھاکر نے حسن آباد میں کانگریس امیدواروں کے حق میں انتخابی مہم چلائی اور ووٹروں سے اپیل کی کہ پارٹی کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔انہوں نے عوام سے کہا کہ حسن آباد میونسپلٹی کی تمام 20 نشستیں جیت کر ترقی کی رفتار کو مزید مضبوط کیا جائے۔ علاقے میں نظر آنے والی تبدیلیوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیر نے شتاواہانا یونیورسٹی انجینئرنگ کالج، 250 بستروں کے اسپتال اور گوراویلی پراجیکٹ جیسے اہم منصوبوں کو اجاگر کیا۔انہوں نے بتایا کہ انڈسٹریل پارک، اربن فاریسٹ پارک اور خوبصورت سڑکوں اور جھیلوں کی ترقی حکومت کے عزم کی عکاس ہے۔اس کے علاوہ، خواتین کے لیے سیٹ ون تربیتی پروگرام، ینگ انڈیا انٹیگریٹڈ رہائشی اسکول اور ایڈوانسڈ ٹریننگ سینٹرس کو ہمہ جہت ترقی کی مثال قرار دیا۔آخر میں انہوں نے کیدم لنگا مورتی کو ایک مخلص رہنما بتایا جو ہمیشہ مقامی عوام کے لیے دستیاب رہتے ہیں۔

HARISH RAO

سابق وزیر ہریش راؤ نے آج سنگاریڈی میں سگاچی صنعتی حادثے کے متاثرین سے ملاقات کے دوران کہا کہ ریونت ریڈی حکومت نے سگاچی حادثے کے 54 متاثرین کو نظر انداز کر دیا ہے۔ انہوں نے متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کے بعد حکومت پر وعدہ شدہ معاوضہ فراہم کرنے میں ناکامی کا الزام عائد کیا۔ہریش راؤ نے موجودہ حکومت کو دیوالیہ حکومت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس نے انتخابی وعدے پورے نہیں کیے۔سابقہ حکومت سے موازنہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانگریس کے اقتدار میں آنے کے بعد ایک بار پھر پانی کی قلت اور بجلی کی کمی جیسے مسائل پیدا ہو گئے ہیں۔انہوں نے وزیر اعلیٰ کو چیلنج دیا کہ وہ سابقہ حکومت کی اسکیموں کو ختم کرنے کے بجائے بہتر

کارکردگی دکھا کرعوام کی تعریف حاصل کریں۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں وبا جیسے سنگین حالات کے باوجود حکومت نے کام کیا، مگر گزشتہ دو برسوں میں سماجی تحفظ کی کئی اسکیموں کی معطّلی کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کی سب سے بڑی کامیابی ترقی کو روکنا رہی ہے، نہ کہ عوام کو راحت فراہم کرنا۔

RAMCHANDRA RAO

نرساپور میں بلدیاتی انتخابات کی مہم کے دوران بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے کانگریس حکومت پر شہری علاقوں میں بگڑتے ہوئے بنیادی ڈھانچے پر تنقید کی۔انہوں نے کہا کہ شہری ناکافی نکاسی آب، پینے کے پانی کی غیر منظّم فراہمی اور ناقص صفائی جیسے مسائل سے دوچار ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ کانگریس حکومت نے سابقہ بی آر ایس حکومت کی طرح عوام پر بلدیاتی ٹیکسوں کا بوجھ تو بڑھا دیا ہے، مگر زمین پر کوئی نمایاں بہتری نظر نہیں آ رہی۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے مرکزی حکومت سے تعاون نہ ملنے کے دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے رام چندر راؤ نے کہا کہ سڑکوں کی توسیع، ریلوے اسٹیشنوں کی جدید کاری اور وندے بھارت ٹرین جیسی سہولیات وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت کا نتیجہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ غریبوں کو پانچ کلو مفت چاول فراہم کرنا جیسے اہم فلاحی اقدامات براہ راست مرکزی حکومت کی ذمہ داری ہیں اور ریاستی حکومت کو ان پر جوابدہی کرنی چاہیے۔

KAVITHA

سابق ایم ایل سی اور تلنگانہ جاگروتی کی صدر کے کویتا نے اعلان کیا کہ ایک نئی سیاسی جماعت کے قیام کا عمل نیک وقت کے تعین کے بعد آئندہ تین ماہ میں مکمل ہونے کا امکان ہے۔حیدرآباد کے

بنجارہ ہلز میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے فون ٹیپنگ معاملے کی جاری تحقیقات پر تنقید کی اور کہا کہ حکام اصل احکامات دینے والوں کو پکڑنے کے بجائے نچلے سطح کے افسران کو نشانہ بنا رہے ہیں۔انہوں نے ایس آئی ٹی کی طویل جانچ کو ایک ٹیلی ویژن سیریل سے تشبیہ دیتے ہوئے کہا کہ حکومت جان بوجھ کر اس معاملے کو طول دے رہی ہے۔کویتا نے کہا کہ بی آر ایس سربراہ کے چندر شیکھر راؤ کا تلنگانہ کی تاریخ میں مستقل مقام ہے اور دعویٰ کیا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی میں ان کا سیاسی طور پر سامنا کرنے کی ہمت نہیں ہے۔انہوں نے سیاسی گفتگو کے گرتے ہوئے معیار پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے رہنماؤں کے خلاف ذاتی حملوں کی مذمت کی۔آخر میں انہوں نے کہا کہ عوام میں آزاد امیدواروں اور چھوٹی جماعتوں کے حق میں رجحان بڑھ رہا ہے جو محض نعروں کے بجائے جوابدہی کو ترجیح دیتی ہیں۔

PAR-ADJOURN

بھارت۔امریکہ تجارتی معاہدے سمیت مختلف امور پر اپوزیشن کے احتجاج کے باعث لوک سبھا کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ دوپہر 12 بجے پہلی ملتوی کے بعد جب ایوان کی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی تو کانگریس، ترنمول کانگریس اور ڈی ایم کے کے اراکین دوبارہ ایوان کے وسط میں آ گئے اور حکومت کے خلاف نعرے بازی کی۔ایوان کی صدارت کرنے والے افسر نے اراکین سے اپیل کی کہ وہ ایوان کو چلنے دیں۔ ہنگامے کے دوران وزراء نے اپنی متعلقہ وزارتوں سے متعلق دستاویزات ایوان میں پیش کیں۔ تاہم، چیئر کی بار بار اپیل کے باوجود اپوزیشن نے احتجاج جاری رکھا، جس کے بعد لوک سبھا کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ واضح رہے کہ ایوان کے ایجنڈے میں مرکزی بجٹ 27-2026 پر بحث شامل تھی، مگر

اپوزیشن کے مسلسل احتجاج کے باعث اس پر غور نہیں ہوسکا۔

Sound Byte - Om Birla

دوسری جانب، راجیہ سبھا میں دن بھر معمول کی کارروائی انجام دی گئی اور بعدازاں ایوان کو ملتوی کر دیا گیا۔ اجلاس کے وقفہ صفر کے دوران عوامی اہمیت کے معاملات اٹھائے گئے، اس کے بعد سوالات کا وقفہ ہوا، جس میں وزراء اشونی ویشنو اور شیوراج سنگھ چوہان سمیت دیگر وزراء نے ضمنی سوالات کے جوابات دیے۔ دونوں ایوانوں کا اگلا اجلاس پیر کو صبح 11 بجے ہوگا۔

U19-CRICKET FINAL:

کرکٹ میں آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ کا فائنل بھارت اور انگلینڈ کے درمیان ہرارے، زمبابوے میں جاری ہے۔ بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا۔ آخری اطلاعات موصول ہونے تک بھارت کی اننگ جاری تھی۔ اس سے قبل بدھ کے روز دوسرے سیمی فائنل میں افغانستان کو سات وکٹوں سے شکست دے کر بھارت فائنل میں پہنچا تھا۔

RS-SHIVRAJ:

ملک بھر میں اب تک آٹھ کروڑ سینتالیس لاکھ سے زائد کسان شناختی کارڈ جاری کیے جا چکے ہیں۔ حکومت نے 2026-27 تک گیارہ کروڑ کسانوں کے لیے فارمر آئی ڈی تیار کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ آج راجیہ سبھا میں سوالات کے وقفے کے دوران ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے بتایا کہ اس وقت تلنگانہ سمیت 19 ریاستوں میں کسان شناختی کارڈ جاری کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دو کروڑ نوے لاکھ کسانوں کو نیشنل کراپ انشورنس پورٹل سے منسلک کیا جا چکا ہے۔ وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت

میں حکومت کی زرعی پالیسی کا مقصد کسانوں کی آمدنی میں اضافہ، غذائی تحفظ کو یقینی بنانا اور عام آدمی کو غذائیت سے بھرپور خوراک فراہم کرنا ہے۔

Sound Byte.

MIM:

آل انڈیا مجلس اتحاد المسلمین کے صدر اسد الدین اویسی، ریاست کے مختلف اضلاع میں بلدیاتی انتخابات کی مہم چلا رہے ہیں۔ اسد اویسی نے ضلع نظام آباد کے بودھن میں اپنی مہم کے دوران عوام سے اپیل کی کہ وہ 11 فروری کو ہونے والے میونسپل انتخابات میں پتنگ نشان پر ووٹ دے کر پارٹی امیدواروں کو کامیاب بنائیں۔ اسد اویسی نے کہا کہ بلدیاتی ادارے عوامی مسائل کے حل کی بنیاد ہوتے ہیں اور مجلس ہمیشہ سے عوامی خدمت، شفاف انتظامیہ اور اقلیتوں سمیت تمام طبقات کے حقوق کی مضبوط آواز رہی ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ایم آئی ایم کے منتخب نمائندے شہر کی ترقی، بنیادی سہولتوں اور عوامی فلاح کے لیے پوری دیانت داری سے کام کریں گے۔

PM - Tour

وزیراعظم نریندر مودی سات اور آٹھ فروری کو ملائیشیاء کا دورہ کریں گے۔ وزیراعظم کے اس دورہ سے قبل ملائیشیاء کیلئے ہندوستانی ہائی کمشنر بی این ریڈی نے آکاش وانی نیوز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اِس دورہ کے دوران دونوں ممالک اپنی اسٹراٹیجک شراکت داری کو مضبوط بنانے پر توجہ مرکوز کریں گے۔ اِس دوران تجارت، معیشت، ابھرتی ٹکنالوجی، توانائی اور تعلیم سمیت دیگر اہم امور پر بات چیت ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم نریندر مودی غیر مقیم ہندوستانیوں سے بھی خطاب کریں گے اور توقع ہے کہ تقریباً 15 ہزار افراد اس تقریب میں شرکت کریں گے۔ اس تقریب میں

ملائیشیاء کے وزیر اعظم انور ابراہیم بھی موجود رہیں گے۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے عوام سے خواہش کی کہ وہ بلدیاتی انتخابات کے دوران کانگریس پارٹی کے وعدوں کے دھوکہ میں نہ آئیں۔ راجنا سرسلہ ضلع کے ویملواڑہ میں ایک انتخابی ریالی کے دوران کے ٹی آر نے کہا کہ کانگریس کے سابق میں کئے گئے وعدے پورے نہ ہونے سے عوام مشکلات جھیل رہے ہیں۔ کے ٹی آر نے رعیّتو بندھو اسکیم کی ادائیگیوں میں تاخیر پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے سوال کیا۔ انہوں نے پوچھا کہ کسانوں کے کھاتوں میں فنڈس منتقل کرنے سے بلدیاتی انتخابات میں کیا روکاٹ پیدا ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کسانوں کو دھوکہ دے رہی ہے۔ اِس موقع پر کے ٹی آر نے ویملواڑہ کے رکن اسمبلی اے سرینواس کی جانب سے 100 دنوں کے اندر 6 ضمانتوں پر عمل کرنے سے متعلق باؤنڈ پیپر کو عوام کے سامنے پیش کیا۔

○○